فکرِ ابو الحسن

مفکرِ اسلام

حضرت مولانا سید ابو الحسن علی حسنی ندوی رحمۃ اللہ علیہ

صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) - نبوت کا کارنامہ

’’نبوت کا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے جو انسانی افراد تیار کیے ان میں ایک ایک فرد ایسا تھا جو اگر تاریخ کی متواتر شہادتیں نہ ہوتیں تو ایک شاعرانہ تخیل اور ایک فرضی افسانہ معلوم ہوتا، لیکن اب وہ ایک تاریخی حقیقت اور ایک مسلم الثبوت واقعہ ہے، جس میں شک کی کوئی گنجائش نہیں۔ آپؐ کے تیار کیے ہوئے افراد میں سے ایک ایک نبوت کا شاہکار ہے اور نوع انسانی کے لیے باعث شرف وافتخار ہے، انسانیت کے مرقع میں بلکہ اس پوری کائنات میں پیغمبروں کو چھوڑ کر اس سے زیادہ حسین وجمیل، اس سے زیادہ دل کش ودل آویز تصویر نہیں ملتی، جو ان کی زندگی میں نظر آتی ہے، ان کا پختہ یقین، ان کا گہرا علم، ان کا سچا دل، ان کی بے تکلف زندگی، ان کی بے نفسی، خدا ترسی، ان کی پاک بازی، پاکیزگی، ان کی شفقت ورافت اور ان کی شجاعت وجلادت، ان کا ذوق عبادت اور شوق شہادت، ان کی شہ سواری اور ان کی شب زندہ داری، ان کی سیم وزر سے بے پروائی اور ان کی دنیا سے بے رغبتی، ان کا عدل، ان کا حسن انتظام دنیا کی تاریخ میں اپنی نظیر نہیں رکھتا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جماعت ایک ایسا انسانی مجموعہ تھا جس میں نبوت کے اعجاز نے متضاد انسانی کمالات پیدا کر دیے تھے۔‘‘

(دین اسلام اور اولین مسلمانوں کی دو متضاد تصویریں: ۲۱-۲۲)

• انتخاب وپیش کش •

محمد ارمغان بدایونی ندوی

Mobile: 6393288043

www.abulhasanalinadwi.org